NHS
Leicestershire Partnership
NHS Trust

یونیورسٹی میں تدریس سے وابستہ اور تحقیقی طور پر فعال ٹرسٹ
Bridge Park Plaza
Bridge Park Road
Thurmaston
Leicester
LE4 8PQ
www.leicspart.nhs.uk

ستمبر-دسمبر 2023

ٹیلی فون: 0300 3000 007
ای میل: lpt.sais@nhs.net

محترم والد/والدہ/ نگہداشت کار،

**موسمی فُلو کی سالانہ ویکسینیشن کا اب وقت آ گیا ہے**

قومی ویکسینیشن پروگرام کے حصے کے طور پر اسکول میں ریسیپشن سے لے کر سال 13 تک کے تمام بچوں کو فلو ویکسینیشن کی پیشکش کی جارہی ہے۔ فُلو ایک تکلیف دہ بیماری ثابت ہو سکتی ہے اور یہ بعض افراد کو شدید بیمار کر سکتی ہے۔ ویکسینیشن **مفت، محفوظ اور مؤثر** ہے۔ یہ موسمی فُلو اور سنگین پیچیدگیوں جیسے برونکائٹس، کان کے انفیکشنز اور نمونیا کے خلاف تحفظ فراہم کرتی ہے اور یہ فُلو کے پھیلاؤ کو روکنے میں بھی مددگار ہو گی اور ایسے دوسرے افراد کی حفاظت کرے گی جو زد پذیر ہوتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے، ویکسین کی دو مختلف اقسام دستیاب ہیں:

### نیزل اسپرے فُلو ویکسین

فُلو کے خلاف بہترین تحفظ کی پیشکش کرتی ہے۔

اسے ہر نتھنے میں پھوار دیے جانے والے اسپرے کے طور پر فراہم کیا جاتا ہے۔ یہ فوری اور تکلیف سے عاری عمل ہوتا ہے۔

کچھ بچوں کے لیے نیزل اسپرے طبی وجوہات کی بنا پر موزوں نہیں ہوتا۔ ہماری ٹیم فُلو ویکسین کے انجیکشن کی پیشکش کرنے سے قبل جمع کروائی گئیں طبی معلومات کا جائزہ لے گی۔

نیزل ویکسین میں پورسین جیلیٹن کی نہایت زیادہ پراسس کردہ صورت کے ذرات شامل ہوتے ہیں۔

### فُلو ویکسین انجیکشن

انجکشن بالائی بازو کے عضلے میں لگایا جاتا ہے، جو سوجن کا سبب بن سکتا ہے۔ براہ کرم اس بات کو زیر غور لائیں کہ آیا آپ کا بچہ آپ کے بغیر اسکول میں انجیکشن لگوانے کے قابل ہو گا۔

طبی وجوہات کی وجہ سے نیزل اسپرے موزوں نہ ہونے کی صورت میں ایک متبادل کے طور پر اس ویکسین کی پیشکش کی جاتی ہے۔

اس ویکسین میں پورسین جیلیٹن شامل نہیں ہوتا۔

پرائمری اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے، ہم صرف آپ کی رضامندی حاصل ہونے کی صورت میں ہی آپ کے بچے کو فُلو ویکسینیشن فراہم کریں گے۔ براہ کرم درج ذیل ہدایات کو استعمال کرتے ہوئے، جلد از جلد ایسا کریں۔ آپ کو محض **ایک مرتبہ** اپنا فیصلہ جمع کروانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

ملاحظہ کریں: **tiny.cc/fluvaccination**
ملاحظہ کریں: **tiny.cc/fluvaccinationsecondary**

**رضامندی کے عمل میں اہم تبدیلی: نوعمر فرد اب ویکسین کے لیے رضامندی دے سکتے ہیں۔**

اگر ویکسینیشن کے لئے ہمیں والدین یا نگہداشت کار کی رضامندی کا فیصلہ نہیں ملتا ہے تو، ذیل میں بتائے گئے طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے، ہم نوعمر فرد کو اس دن ویکسینیشن کے لئے ذاتی رضامندی دینے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ ہم صرف 8 سال اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو یہ موقع دیں گے، جنہوں نے ویکسینیشن کی موزوں معلومات کو پڑھا ہے اور جن کی تشخیص ماہرینِ صحت کی جانب سے سمجھدار اور معاملہ فہم کے طور پر کی گئی ہے تاکہ وہ اس بات کا مکمل طور پر اندازہ لگا سکیں کہ کیا چیز شامل ہے۔ حفاظتی ٹیکے صرف انہی بچوں کو لگائے جائیں گے جو اس کو لگوانے میں آرامدہ ہیں۔

اگر والدین یا نگہداشت کاران نے جواب دیا ہو اور رضامندی دینے سے انکار کر دیا ہو تو، اس فیصلے کو ایک نوعمر فرد کی جانب سے مسترد نہیں کیا جا سکتا اور اسی لیے، ہم ویکسین نہیں لگائیں گے۔ مزید معلومات www.leicspart.nhs.uk/service/schoolagedimms پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

اپنے بچے کو فُلو کی ویکسینیشن لگوانے کے لیے رضامندی کا اظہار کیسے کریں

- اپنے اسکول کے کوڈ کا ایک نوٹ تیار کریں۔ [School name] کے لیے اسکول کوڈ **[School code] ہوتا ہے اور** **www.leicsandrutlandimms.co.uk** ملاحظہ کریں یا براہ راست ویب سائٹ پر جانے کے لیے اپنے اسمارٹ فون کے کیمرے کو استعمال کرتے ہوئے QR کوڈ اسکین کریں۔
- **موسمی فُلو** منتخب کریں اور اسکول کا کوڈ درج کریں۔ رضامندی کے اعلامیے کے صفحے پر آپ یا تو نیزل فُلو ویکسین **یا** انجیکشن کے ذریعے لگنے والی فُلو ویکسین کے لیے رضامندی ظاہر کر سکتے ہیں۔
- فارم جمع ہو جانے کے بعد آپ کو ایک تصدیقی ای میل موصول ہو گی۔

ہمیشہ کی طرح، ہم نوجوانوں اور ان کے والدین اور نگہداشت کاران کو پیشکش کردہ ویکسینیشن کے بارے میں بات چیت کرنے اور باہم مِل کر فارم بھرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

اگر آپ فارم کو آن لائن مکمل کرنے سے قاصر ہیں، تو براہ کرم ہمیں اس پر کال کریں: **0300 300 0007** یا اپنی رابطہ جاتی تفصیلات کے ساتھ **lpt.sais@nhs.net** پر ای میل کریں۔ اگر آپ اپنی رضامندی کے فیصلے کے حوالے سے اپنا ارادہ بدل لیتے ہیں تو اسے تبدیل کرنے کے لیے براہ کرم ہمیں مندرجہ بالا نمبر پر کال کریں۔

آپ کا اسکول آپ کو اس حوالے سے باخبر کرے گا کہ فُلو ویکسینیشن کا سیشن کب منعقد ہو گا۔ **رضامندی کا سسٹم ویکسینیشن کے سیشن سے 1 working day قبل بند کر دیا جائے گا۔** آپ اس دن رضامندی کا فارم جمع کروانے سے قاصر ہوں گے۔

آپ کی مخلص،

حفاظتی ٹیکہ جات کی سروس برائے اسکول کی عمر کے اطفال


| فُلو ویکسین کے حوالے سے اکثر پوچھے جانے والے سوالات | |
|---|---|
| میرے بچے / نوعمر فرد کو صحت کا عارضہ لاحق ہے، اور عموماً GP سے اسے ویکسین لگوائی جاتی ہے۔ | وہ اسکول میں بھی ویکسینیشن لگوانے کے قابل ہوتے ہیں۔ |
| اس کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟ | نوجوانوں میں ناک بہنے یا بند ہونے، سر درد، عام تھکاوٹ اور بھوک میں کمی جیسی علامات نمودار ہو سکتی ہیں۔ یہ علامات فلو یا فلو سے وابستہ پیچیدگیوں کے مقابلے میں بہت معمولی ہوتی ہیں۔ سنگین ضمنی اثرات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ |
| ہر سال فلو کے لیے نیا انجیکشن کیوں ہوتا ہے؟ | فلو وائرسز ہر سال تبدیل ہوتے رہتے ہیں، لہٰذا فلو ویکسینز کو حالیہ ترین لہر کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے لیے اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے۔ |
| میں ویکسین پراڈکٹ کا اشتہار کہاں پڑھ سکتا/سکتی ہوں؟ | نیزل فُلو ویکسین کے لیے، ملاحظہ کریں: www.medicines.org.uk/emc/files/pil.3296.pdf<br>انجیکشن کے ذریعے لگوائی جانے والی فُلو ویکسین کے لیے، ملاحظہ کریں: www.medicines.org.uk/emc/files/pil.12882.pdf |
| میں اپنے بچے کو ویکسینیشن کے لیے کیسے تیار کر سکتا/سکتی ہوں؟ | ہماری اینیمیشن دیکھیں: www.healthforkids.co.uk/staying-healthy/stopping-flu |
| میرا بچہ / نوعمر فرد ٹیکوں سے ڈرتا ہے، کیا کوئی معاونت دستیاب ہے؟ | آپ یہ معلومات اپنے رضامندی کے فارم میں شامل کر سکتے ہیں اور ہماری ٹیم معاونت فراہم کرنے کے لیے اپنی پوری کوشش کرے گی۔ |
| اس کے مطابق ای میل ایڈریسز مماثل نہیں ہیں یا یہ اسکول کوڈ کی شناخت نہیں کرتا۔ | اس امر کو یقینی بنائیں کہ ای میل ایڈریس اور اسکول کوڈ سے پہلے یا بعد میں کوئی خالی جگہیں یا رموزِ اوقاف موجود نہیں ہیں۔ |
| اگر میرا بچہ / نوعمر فرد سیشن والے دن غیر حاضر یا بیمار ہو تو کیا ہوتا ہے؟ | ویکسینیشن کے لیے ایک اضافی موقع دستیاب بنایا جائے گا اور تفصیلات ای میل کے ذریعے ارسال کی جائیں گی۔ |
| قومی ویکسینیشن پروگرام کیا ہے؟ | مزید جاننے کے لیے: www.nhs.uk/conditions/vaccinationsملاحظہ کریں۔ |

**اگر آپ یہ معلومات کسی اور زبان میں حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو ملاحظہ کریں:**
**www.leicspart.nhs.uk/schoolagedimms**

| | |
|---|---|
| عربی | ذا كنت ترغب في قراءة هذه الرسالة بلغة أخرى، قم بزيارة موقعنا على الإنترنت |
| گجراتی | જો તમે આ પત્ર ગુજરાતીમાં વાંચવા માંગતા હો તો અમારી વેબસાઇટ પર જાઓ |
| پولش | Jeśli chcesz przeczytać ten list w innym języku، przejdź na naszą stronę. |
| پنجابی | ਜੇ ਤੁਸੀਂ ਇਸ ਪੱਤਰ ਨੂੰ ਕਿਸੇ ਹੋਰ ਭਾਸ਼ਾ ਵਿੱਚ ਪੜ੍ਹਨਾ ਚਾਹੁੰਦੇ ਹੋ ਤਾਂ ਸਾਡੀ ਵੈੱਬਸਾਈਟ 'ਤੇ ਜਾਓ |
| صومالی | Haddii aad jeclaan lahayd inaad ku akhrido warqadan luuqad kale، booqo boggayaga internetka |
| اردو | اگر آپ اردو میں یہ خط پڑھنا چاہتے ہیں تو ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔ |
| یوکرینی | Якщо ви хочете отримати цю інформацію іншою мовою, перейдіть за посиланням |

**You can watch a video in these languages:**

**Arabic**



https://youtu.be/xy3TNS1rB1I

**Gujarati**



https://youtu.be/TOUXxv2QcmY

**Polish**



https://youtu.be/VIYZwImuHV0

**Hindi**



https://youtu.be/QFfqx2QwkjA

**Farsi**



https://youtu.be/8HHIiNhYaJQ

**Spanish**



https://youtu.be/paIBzCDQQKw

**More languages will continue to be added.**

**اگر آپ فُلو کی ویکسینیشن کا اشتہار کسی اور زبان میں پڑھنا چاہتے ہیں، تو ملاحظہ کریں:**
**www.gov.uk/government/publications/flu-vaccination-leaflets-and-posters**

English, Albanian, Arabic, Bengali, Bulgarian, Chinese (simplified), Chinese (traditional, Cantonese), Estonian, Farsi, French, Greek, Gujarati, Hindi, Italian, Latvian, Lithuanian, Panjabi, Pashto, Polish, Portuguese, Romanian, Romany, Russian, Somali, Spanish, Tagalog, Tigrinya, Turkish, Twi, Ukrainian, Urdu, Yiddish اور Yoruba.

آرڈر کرنے کے لیے انگریزی زبان کے بڑے پرنٹ کا ورژن دستیاب ہے۔
آرڈر کرنے کے لیے اس اشتہار کا بریل ورژن دستیاب ہے۔
اس اشتہار کی برطانوی اشاروں کی زبان میں ایک ویڈیو ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے دستیاب ہے۔
ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ایک آڈیو ورژن بھی دستیاب ہے۔